e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110

LUCKNOW
روزنامہ
# اودھ نامہ
# avadhnama

## حج 2025: سعودی حکومت نے 291 ہندوستانی بچوں کی درخواستیں کیں نامنظور

ریاض/نئی دہلی ۔(ایجنسی) سعودی عرب میں حج 2025 کی تیاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ 4 جون سے شروع ہونے والے حج کے لیے دنیا بھر سے مسلمان یکم اپریل سے ہی سعودی عرب پہنچنے لگے ہیں۔اب تک بچے، خواتین، بوڑھے سبھی حج کی سعادت حاصل کرتے آئے ہیں،لیکن اس بار حج کے قوانین میں کچھ تبدیلیاں کردی گئی ہیں۔جس کی وجہ سے ہندوستان کے 291 بچوں کو حج کرنے کی اجازت نہیں دی گئی ہے۔واضح ہو کہ سعودی عرب نے حج 2025 کے لیے قوانین میں کئی تبدیلیاں کی ہیں۔نئے قوانین کے مطابق اس بار 12 سال تک کے عمر کے بچے کو حج کرنے جانے کی اجازت نہیں دی گئی ہے۔یہی وجہ ہے کہ ہندوستان کے 291 بچوں کو بھی اس بار حج کی سعادت سے محروم ہونا پڑے گا۔

## وقف قانون کے خلاف سی پی آئی اور تمل اداکار وجئے کی پارٹی نے بھی داخل کی عرضی، سماعت 16 اپریل کو

نئی دہلی۔وقف قانون کے خلاف سپریم کورٹ میں داخل کی جارہی عرضیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اب کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (سی پی آئی) اور تمل ناڈو کی علاقائی پارٹی تمل گا ویٹی کشگم (ٹی وی کے) نے بھی اس قانون کے خلاف سپریم کورٹ میں عرضی داخل کردی ہے۔دونوں پارٹیوں نے اس قانون کو اقلیتوں کے حقوق کی خلاف ورزی اور آئین کے سیکولر جذبہ کے خلاف بتایا۔اتوار کو سی پی آئی کی طرف سے پارٹی کے جنرل سکریٹری ڈی راجہ نے سپریم کورٹ میں ایک تحریری عرضی داخل کی۔عرضی میں انہوں نے موقف پیش کیا ہے کہ یہ ترمیم آئین کی دفعہ 14 (مساوات کا حق)، دفعہ 25 (مذہبی آزادی کا حق) اور دفعہ 26 (مذہبی اداروں کو آزادی) کی خلاف ورزی ہے۔عرضی میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس قانون کے تحت وقف جائیداد کا انتظام اب سیاسی مداخلت کا شکار ہوسکتا ہے۔

Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 191 Tuesday , April 15 2025 Pages -8

قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر (۲۴) شمارہ نمبر (۱۹۱) لکھنؤ، بروز منگل ۱۵-اپریل ۲۰۲۵ء، مطابق ۱۶/شوال المکرم -۱۴۴۶ھ صفحات-۸

# وقف ترمیمی قانون: مسلم پرسنل لا بورڈ کی مسلم نوجوانوں سے پُرامن اور قانون کے دائرے میں رہ کر مظاہرے کی اپیل




نئی دہلی۔وقف ترمیمی قانون کے خلاف پورے ملک میں مظاہروں کا دور جاری ہے۔ایسے میں آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ (اے آئی ایم پی ایل بی) نے مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پُرامن طریقے سے مظاہرے کریں۔ساتھ ہی بورڈ کی جانب سے مغربی بنگال میں پولیس پر یہ سنگین الزام عائد کیا گیا ہے کہ اس نے 3 مسلم نوجوانوں کی جان لے لی ہے۔ بورڈ نے نوجوانوں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔مسلم پرسنل لاء بورڈ نے کہا کہ ”مرشدآباد میں ایک احتجاج کے دوران پولیس کی بربریت نے 3 مسلم نوجوانوں کی جان لے لی ہے، جس کی آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ سخت مذمت کرتا ہے اور مغربی بنگال حکومت سے قصوروار افسران کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور متاثرین کے اہل خانہ کو 25 لاکھ روپے کا معاوضہ دینے کا مطالبہ کرتا ہے۔ساتھ ہی پولیس سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ کسی بھی احتجاج سے نمٹنے میں انتہائی تحمل سے کام لیں۔“بورڈ نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ ”مرکزی حکومت کی جانب سے وقف ایکٹ میں کی گئی من مانی، متنازعہ، امتیازی ترامیم سے حقیقت میں مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے، جو ملک کے مختلف حصوں میں احتجاج اور مظاہرے کی صورت میں سامنے آ رہا ہے۔ہم ذمہ دار بورڈ مسلمانوں، خاص طور سے اپنی نئی نسل کے جذبات کی قدر کرتے ہیں، لیکن ان سے اپیل کرتے ہیں کہ عجلت پسندی میں اپنے صبر و تحمل کو نہ کھوئیں۔“ بورڈ نے نوجوانوں سے یہ بھی کہا کہ ”ساتھ ہی ایسی ریاستوں میں مظاہرے کرنے سے بچیں جہاں کے حالات حکومتی طور پر مسلمانوں کے حق میں نہ ہوں۔انہیں کوئی بھی سرگرمی صرف بورڈ یا کسی ذمہ دار فریق کی نگرانی میں ہی کرنی چاہیے۔وہ اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ بدنیتی پر مبنی عناصر ان کے ساتھ شامل ہوسکتے ہیں۔“ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ نے مسلمانوں سے پُرامن مظاہرے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ”مسلم نوجوان انتشار اور بدامنی نہ پھیلائیں۔مظاہرے کے دوران کوئی اشتعال انگیز نعرے نہ لگائیں۔ یاد رکھیں، ہماری کامیابی اسی میں مضمر ہے کہ پوری تحریک پُرامن اور قانون کے دائرے میں ہوں۔ہم یہ یقینی بنانے کی کوشش کریں کہ ہمارے ملک کے بھائی-بہن بڑی تعداد میں ہمیشہ ہمارے پروگراموں اور ہماری صفوں میں موجود رہیں۔“ ساتھ ہی بورڈ نے کہا کہ ”ہم اس مسئلہ کو ہندو-مسلم کا مسئلہ نہیں مانتے ہیں۔اللہ کے ساتھ اپنا تعلق مضبوط رکھیں، اس پر بھروسہ رکھیں اور اس سے مدد طلب کرتے رہیں۔اگر ہم پُرامن طریقے سے اور قانون کے دائرے میں رہ کر مظاہرہ کریں گے تو ان شاءاللہ کامیابی ضرور ملے گی۔“

## سعودی عرب نے حج 2025 کے لیے گائیڈ لائن جاری کی چھوٹی سی غلطی بھی آپ کو بھاری پڑ جائے گی

نئی دہلی: سعودی عرب کی وزارت داخلہ حجاج کرام کے لیے مسلسل نئے قوانین جاری کر رہی ہے۔ دریں اثناء سعودی عرب کی حکومت نے ایک بار پھر نئے قوانین جاری کردیے ہیں۔ نئے قوانین کے مطابق 12 سال سے کم عمر کے بچوں کو حج کے لیے ویزا نہیں دیا جائے گا۔اس کے علاوہ سعودی حکومت نے حج سے قبل عمرہ کرنے والوں کے لیے بھی نئے قوانین نافذ کیے ہیں۔اس کے مطابق اب عمرہ کے لیے سعودی عرب میں داخلے کی اجازت 13 اپریل تک ہوگی تاہم عمرہ کرنے والوں کو 29 اپریل تک واپس آنا ہوگا۔سعودی عرب کی وزارت داخلہ نے خبردار کیا ہے کہ اس تاریخ تک واپس نہ آنا قواعد کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا۔رپورٹ کے مطابق ملک کے دیگر حصوں میں مقیم غیر ملکی باشندوں کو بھی مکہ میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی جب تک کہ وہ مناسب اجازت نامے حاصل نہ کرلیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اجازت نامے کے بغیر داخل ہونے کی کوشش کرنے والوں کو شمیسی یا دیگر چوکیوں کے ذریعے واپس بھیج دیا جائے گا۔وزارت نے 29 اپریل سے 10 جون 2025 تک نسخ پلیٹ فارم کے ذریعے عمرہ پرمٹ کے اجراء پر پابندی کا بھی اعلان کیا ہے۔

## جسٹس بھوشن گوائی ہوں گے ہندوستان کے اگلے چیف جسٹس



نئی دہلی ۔(یو این آئی) چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس سنجیو کھنہ 13 مئی کو ریٹائر ہو رہے ہیں، جن کے بعد سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس بھوشن گوائی کو چیف جسٹس آف انڈیا کے عہدے پر فائز کیا جائے گا۔ وہ ملک کے 52ویں چیف جسٹس ہوں گے جسٹس بھوشن گوائی اس وقت سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج ہیں اور انہیں چیف جسٹس کے طور پر مقرر کیے جانے کی سفارش کی گئی ہے۔ وہ ناگپور بار ایسوسی ایشن کے تیسرے رکن ہیں جو ملک کے چیف جسٹس بننے جا رہے ہیں۔ اس سے قبل جسٹس محمد ہدایت اللہ اور جسٹس شرد بوبڈے ناگپور بار ایسوسی ایشن سے چیف جسٹس بن چکے ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 14 مئی کو جسٹس بھوشن گوائی کو چیف جسٹس آف انڈیا کے عہدے کا حلف دلائیں گی۔ بھوشن گوائی کا تعلق امبیڈکر نظریاتی تحریک کے پس منظر سے ہے۔ ان کے والد رام کرشن گوائی امبیڈکر نظریاتی تحریک کے سرگرم رہنما تھے، جو راجیہ سبھا کے رکن بھی رہ چکے ہیں۔ رام کرشن گوائی کیرالہ اور بہار کے گورنر کے عہدے پر بھی فائز رہے ہیں۔ بھوشن گوائی کی پیدائش امراوتی میں ہوئی۔ انہوں نے ناگپور یونیورسٹی سے آرٹس میں گریجویشن کرنے کے بعد قانون کی ڈگری حاصل کی۔ انہوں نے 1985 میں ناگپور بار ایسوسی ایشن سے اپنے پیشہ ورانہ سفر کا آغاز کیا اور 1987 سے 1990 تک بامبے ہائی کورٹ میں آزادانہ طور پر وکالت کی۔ انہوں نے بمبئی ہائی کورٹ، ناگپور، اورنگ آباد اور پنجی بنچوں میں بطور جج خدمات انجام دی ہیں۔ وہ 2003 میں بمبئی ہائی کورٹ کے ایڈیشنل جج بنے اور 2005 میں انہیں مستقل جج مقرر کیا گیا۔ ان کی سفارش 2019 میں سپریم کورٹ کے جج کے طور پر کی گئی۔

## ہلدوانی میں دوسرے دن چار مدارس سیل

نینی تال (یو این آئی) اتراکھنڈ کے ہلدوانی میں غیر قانونی طور پر چلنے والے مدارس کے خلاف مہم پیر کو دوسرے دن بھی جاری رہی اور چار مدارس کو سیل کر دیا گیا۔ ضلع انتظامیہ کی جانب سے پیر کو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ وویک کمار رائے کی قیادت میں ایک مہم چلائی گئی۔ دو روز میں 17 مدارس کو سیل کر دیا گیا ہے جبکہ ایک پر قبضہ کر لیا گیا ہے۔ کل یعنی اتوار کو 13 مدارس کو سیل کیا گیا تھا۔ مسٹر رائے کے مطابق نینی تال ضلع میں اب تک 21 غیر رجسٹرڈ مدارس کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔ ہلدوانی کے علاوہ کالاڈھونگی میں تین مدارس کو بھی ضلع انتظامیہ نے سیل کر دیا ہے۔ آج چلائی گئی مہم کے دوران سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (سٹی) پرکاش چندر، سٹی مجسٹریٹ اے پی باجپئی، میونسپل کمشنر ریچا سنگھ، سب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پریتوش ورما، ریکھا کوہلی، پولیس سرکل آفیسر نتن لوہنی، تحصیلدار منیشا بشٹ، کلدیپ پانڈے، ضلع سوشل ویلفیئر اور پولیس اسٹیشن انچارج وشوناتھ کے ساتھ پولیس فورس کے افسران بھی موجود تھے۔

# پی ایم مودی کا وقف قانون کو لے کر کانگریس پر سخت حملہ

### اگر وقف اراضی کا صحیح استعمال کیا جاتا تو مسلم نوجوان پنکچر نہ بناتے، کانگریس کسی مسلمان کو پارٹی صدر کیوں نہیں بناتی؟: مودی



پی ایم مودی نے کہا،” کانگریس نے اپنے ووٹ بینک کو خوش کرنے کے لیے 2013 میں وقف ایکٹ میں ترمیم کی تھی۔ مسلمانوں کو خوش کرنے کے لیے کانگریس نے بابا صاحب کے آئین کو برباد کیا تھا۔ کانگریس کی نیت مسلمانوں کا بھلا کرنا نہیں ہے۔ کانگریس کا کسی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

حصار، ہریانہ: (ایجنسی) بھارت کی شمالی ریاست ہریانہ میں امبیڈکر جینتی پر آج وزیر اعظم نریندر مودی نے وقف بورڈ پر حملہ کیا۔ پی ایم مودی نے وقف کے معاملے پر اپوزیشن پر سخت حملہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر وقف املاک کا صحیح استعمال کیا جاتا تو مسلم نوجوانوں کو پنکچر نہیں لگانا پڑتا۔ وزیر اعظم مودی نے اسی وقف قانون کو لے کر کانگریس پر سخت حملہ کیا۔ جس سے پورے ملک میں کھلبلی مچ گئی ہے۔ پی ایم مودی نے کہا کہ کانگریس نے اپنے ووٹ بینک کو خوش کرنے کے لیے 2013 میں وقف ایکٹ میں ترمیم کی تھی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج امبیڈکر جینتی پر کانگریس کو نشانہ بنایا۔ پی ایم مودی نے کہا کہ کانگریس نے ہمیشہ امبیڈکر کی توہین کی ہے۔ امبیڈکر کو نظام سے باہر رکھنے کی سازش کی گئی۔ پی ایم نے کہا، ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ انہوں نے امبیڈکر کے ساتھ کیا کیا، جب وہ زندہ تھے، کانگریس نے ان کی توہین کی، انہیں دو بار انتخابات میں شکست ہوئی۔ ساتھ ہی پی ایم مودی نے وقف کے معاملے پر اپوزیشن پر سخت حملہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر وقف املاک کا صحیح استعمال کیا جاتا تو مسلم نوجوانوں کو پنکچر نہیں لگنا پڑتا۔ پی ایم مودی نے مزید کہا کہ اگر کانگریس کو مسلمانوں سے اتنا ہی پیار ہے تو وہ کسی مسلمان کو پارٹی صدر کیوں نہیں بناتی؟ آپ مسلمانوں کو 50 فیصد ٹکٹ کیوں نہیں دیتے؟ کانگریس کا مقصد مسلمانوں کا بھلا کرنا نہیں ہے بلکہ صرف ان کے ووٹ حاصل کرنا ہے۔ نیا وقف ترمیمی قانون نہ صرف مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ کرے گا بلکہ قبائلیوں کے حقوق کا بھی تحفظ کرے گا۔ حصار میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے پی ایم مودی نے کہا کہ ملک بھر میں وقف کے نام پر لاکھوں ہیکٹر زمین موجود ہے۔ یہ زمین بے سہارا عورتوں اور بچوں کو فائدہ پہنچانے والی تھی۔ اگر آج اسے ایمانداری سے استعمال کیا جاتا تو مسلم نوجوانوں کو پنکچر بنانے اور سائیکلوں کی مرمت میں اپنی زندگیاں نہ گزارنی پڑتی۔ لیکن اس کا فائدہ صرف مٹھی بھر لینڈ مافیا کو ہوا ہے۔ پسماندہ مسلم کمیونٹی کو کوئی فائدہ نہیں ملا۔ پی ایم مودی نے کہا کہ مختلف علاقوں میں بیٹھے لینڈ مافیا نے وقف کو خوب لوٹا۔ وہ دلتوں، پسماندہ طبقات، قبائلیوں اور بیوہ خواتین کی زمین لوٹ رہے ہیں۔ سینکڑوں بیوہ مسلم خواتین نے حکومت ہند کو خطوط لکھے جس کے بعد وقف ایکٹ کا مسئلہ سامنے آیا۔ ہم نے ایک کام کیا ہے جو بہت ذمہ دارانہ ہے۔ اب نئے وقف قانون کے تحت وقف بورڈ ہندوستان کے کسی کونے میں قبائلیوں کی زمین کو ہاتھ نہیں لگا سکے گا۔

انہوں نے کہا،” کانگریس نے اپنے ووٹ بینک کو خوش کرنے کے لیے 2013 میں وقف ایکٹ میں ترمیم کی تھی۔ مسلمانوں کو خوش کرنے کے لیے کانگریس نے بابا صاحب کے آئین کو برباد کیا تھا۔ کانگریس کی نیت مسلمانوں کا بھلا کرنا نہیں ہے۔ کانگریس کا کسی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وزیر اعظم مودی نے یہ بات آج امبیڈکر جینتی پر حصار میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے ہمیشہ امبیڈکر کی توہین کی، امبیڈکر کو نظام سے باہر رکھنے کی سازش کی گئی۔ بابا صاحب برابری کے حق میں تھے لیکن کانگریس نے ووٹ بینک کی سیاست کا وائرس پورے ملک میں پھیلا دیا۔ کانگریس نے اقتدار حاصل کرنے کے لیے ہمارے مقدس آئین کو ہتھیار بنا دیا۔ جب بھی کانگریس کو اقتدار کے بحران کا سامنا ہوا، انہوں نے آئین کو کچل دیا۔ کانگریس نے ایمرجنسی کے دوران آئین کی روح کو کچل دیا تاکہ وہ کسی طرح اقتدار کو برقرار رکھ سکے۔

وزیر اعظم یہاں ہوائی اڈے کی نئی ٹرمنل عمارت کا سنگ بنیاد رکھنے اور حصار سے اجودھیا کے لیے پہلی پرواز کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے موقع پر بول رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہریانہ کی یہ مقدس سرزمین جو بھگوان شری کرشن اور مہابھارت کے زمانے سے جڑی ہوئی ہے، اب براہ راست شری رام کی مقدس سرزمین اجودھیا سے جڑ گئی ہے۔ انہوں نے اسے نہ صرف فضائی رابطے بلکہ عقیدہ، ثقافت اور قومی اتحاد کی علامت قرار دیا۔ مسٹر مودی نے کہا کہ یہ وہ ہندوستان ہے جو ہوائی چپل پہننے والوں کو بھی ہوائی جہاز میں بیٹھانے کا خواب لے کر چلا تھا اور اب اسے پورا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حصار جیسے شہر اب ملک کے ان مذہبی اور ثقافتی مراکز سے براہ راست جڑے ہوئے ہیں، جہاں پہلے پہنچنے میں کئی دن لگتے تھے۔

## سلمان خان کو پھر جان سے مارنے کی دھمکی

ممبئی ۔سلمان خان کو ایک بار پھر دھمکی ملی ہے۔



اطلاع کے مطابق ایک نامعلوم شخص نے سلمان خان کی کار کو اڑانے کی دھمکی دی ہے۔ اس سلسلے میں پولیس نے معاملہ درج کرلیا ہے۔ فی الحال دھمکی دینے والے شخص کا پتہ نہیں چل سکا ہے۔اس سے پہلے گینگسٹر لارنس بشنوئی کی طرف سے مبینہ طور پر کئی بار سلمان خان کو دھمکی دی جاچکی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ممبئی محکمہ ٹرانسپورٹ کے وہاٹس ایپ نمبر پر ایک میسج آیا تھا۔ اس پیغام میں سلمان خان کو گھر میں گھس کر جان سے مارنے کی دھمکی دی گئی ہے۔ ساتھ ہی ان کی کار کو بھی بم سے اڑا دینے کی بات میسج میں لکھی ہوئی ہے۔ ورلی پولیس اسٹیشن میں نامعلوم شخص کے خلاف معاملہ درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس نے دھمکی بھرے پیغام کی جانچ بھی شروع کردی ہے۔ واضح رہے کہ بشنوئی گینگ کی طرف سے مبینہ طور پر سیاہ ہرن کو مارنے کے معاملے پر سلمان خان کو کئی مرتبہ دھمکی دی جاچکی ہے۔ سیاہ ہرن قتل معاملہ 1998 کا ہے۔ سال 2024 میں بھی اداکار کو دھمکی ملی تھی جس میں مندر جا کر عوامی طور سے معافی مانگنے یا 5 کروڑ روپے دینے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ 30 اکتوبر کو 2 کروڑ روپے کے تاوان کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ ساتھ ہی گزشتہ سال سلمان خان کی رہائش پر گولی باری کے معاملے میں کچھ لوگوں کو گرفتار بھی کیا گیا تھا۔

## پی این بی گھوٹالے کے ملزم میہول چوکسی بیلجیئم میں گرفتار



نئی دہلی (ایجنسی) مشہور ہیروں کے تاجر 65 سالہ میہول چوکسی، جو 14 ہزار کروڑ بینک فراڈ میں ملوث ہے، کو ہفتے کے روز بیلجیئم کے سکیورٹی اہلکاروں نے گرفتار کیا ہے وہ مشہور ہیروں کی کمپنی گیتانجلی کا مالک ہے اور اس پر یہ الزام ہے کہ وہ پنجاب نیشنل بینک کے اسکیم میں ملوث ہے۔ وہ 2 جنوری 2018 میں ہندوستان سے فرار ہوا تھا ہندوستان کا بیلجیئم کے ساتھ حوالگی کا معاہدہ ہے لہذا سی بی آئی نے بیلجیئم حکومت سے درخواست کی کہ اسے ایجنسی کے حوالے کیا جائے تاکہ اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکے۔ رپورٹ کے مطابق اسے 12 اپریل کو بیلجیئم کے ایک اسپتال سے گرفتار کیا گیا۔ میہول چوکسی اس اسپتال میں زیر علاج تھا۔ جب اس کے خلاف بینک اسکیم کیس میں انکوائری شروع ہوئی تو وہ یہاں سے امریکہ روانہ ہوگیا اور وہاں سے وہ اینٹی گوا منتقل ہوا جہاں اس نے اس ملک کی شہریت اختیار کی۔ میہول چوکسی اس وقت بیلجیئم کی جیل میں ہے، خبروں میں سی بی آئی کے ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے، اس کے خلاف ریڈ کارنر نوٹس جاری کیا تھا۔ تاہم، چوکسی کو امید کہ کہ صحت کی وجوہات کی بنا پر اسے ضمانت اور رہائی مل سکتی ہے کیوں کہ وہ کینسر میں مبتلا ہے۔ یہ کیس، جس نے 2018 میں ہندوستانی بینکنگ سیکٹر کو ہلا کر رکھ دیا تھا، اس میں جعلی لیٹرز آف انڈرٹیکنگ اور غیر ملکی لیٹر آف کریڈٹ شامل تھے، جو مبینہ طور پر بینک افسران کے ساتھ ملی بھگت سے جاری کیے گئے تھے۔ رپورٹس میں مزید کہا گیا کہ چوکسی کی گرفتاری کے دوران مئی 2018 اور جون 2021 میں ممبئی کی ایک عدالت کی طرف سے وارنٹ جاری کیا گیا تھا۔

## اتر پردیش ریونیو سرپلس اسٹیٹ بن گیا ہے: سی ایم یوگی

### فکی نے سرمایہ کاروں کے لیے ایک مثبت ماحول اور ماحولیاتی نظام بنانے میں حکومت کا ساتھ دیا ہے، قومی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس منعقد



لکھنؤ۔وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے پیر کو کہا کہ سال 2017 سے پہلے جو اتر پردیش کبھی اپنے ملازمین کو تنخواہیں دینے کی حالت میں نہیں تھا۔ آج وہ ریونیو سرپلس اسٹیٹ بن چکا ہے۔ فکی کی قومی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اتر پردیش ملک کی سب سے بڑی ریاست ہے اور ایک صارف اور لیبر مارکیٹ ہے۔ اتر پردیش کی ترقی میں فکی کو ایک اہم شراکت دار بتاتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ اس تنظیم نے سرمایہ کاروں کے لیے ایک مثبت ماحول اور ماحولیاتی نظام بنانے میں حکومت کا ساتھ دیا ہے۔ بالخصوص سرمایہ کار سمٹ 2018 اور 2023 کو کامیاب بنانے میں فکی کا تعاون قابل ستائش رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اتر پردیش کی صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آبادی کے لحاظ سے یہ ہندوستان کی سب سے بڑی ریاست ہے، اس کے باوجود یہ ایک طویل عرصے سے بیمارو ریاست کے طور پر جانی جاتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کے وقت اتر پردیش کی فی کس آمدنی قومی اوسط کے برابر تھی لیکن آہستہ آہستہ کم ہوکر ایک تہائی رہ گئی۔ تاہم، پچھلے آٹھ سالوں میں، اتر پردیش نے غیر معمولی ترقی کی ہے، جس کا ملک اور دنیا نے نوٹس لیا ہے۔ پالیسی سازی میں فکی جیسی تنظیموں کا تعاون اس تبدیلی کی ایک بڑی وجہ رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اتر پردیش اب ایک بیمار ریاست نہیں ہے بلکہ ملک کی سرکردہ معیشتوں میں سے ایک ہے۔ یہ ہندوستان کا گروتھ انجن بن گیا ہے اور ملک کی دوسری سب سے بڑی معیشت بن کر ابھرا ہے۔ ریاست نے اپنی مجموعی گھریلو پیداوار (جی ایس ڈی پی) اور فی کس آمدنی کو دوگنا کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ مالی چیلنجوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2017 میں حکومت کے قیام کے بعد کسانوں کے قرض معافی جیسی تجاویز کے لیے فنڈز کی کمی تھی۔ اس وقت بینکوں سے کوئی تعاون نہیں تھا اور ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے بھی وسائل نہیں تھے۔ لیکن، حکومت نے بجٹ میں 36 ہزار کروڑ روپے کے رساو (لیکیج) کی نشاندہی کی اور اسے ختم کیا۔

## حکومتیں ذات پات اور مفاد کی سیاست کو ترک کریں: مایاوتی

لکھنؤ۔(یو این آئی) بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) سپریمو مایاوتی نے سبھی حکومتوں سے ذات پات و تنگ مفاد کی سیاست کو چھوڑنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ایسا کر کے ہی آئین ساز بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے 'ترقی یافتہ' ہندوستان کے خواب کو پورا کیا جاسکتا ہے۔



مایاوتی نے پیر کو ڈاکٹر امبیڈکر کو ان کی جینتی کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرنے کے بعد دلتوں، قبائلیوں، پچھڑے طبقات اور دیگر پسماندہ کو بی ایس پی سے جڑ کر امبیڈکر وادی بننے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ سبھی بہوجنوں کے لاکھ دکھوں کی ایک دوا ہے ان کا آپسی اتحاد و ووٹوں کے ذریعہ اقتدار کی ماسٹر کنجی حاصل کرنا۔ اس کے لئے مخالفین کے سبھی ہتھکنڈوں کو بھی ناکام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سبھی حکومتیں ذات وادی و تنگ مفاد کی سیاست وغیرہ کو چھوڑ کر آئین پسند ہندوستانی بنیں تاکہ عوام و ملکی مفاد میں 'ترقی یافتہ ہندوستان' اور مساوی ہندوستان بنانے کا ڈاکٹر امبیڈکر کا سپنا زمین پر پورا ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے کروڑوں بہوجنوں میں غریبی، بے روزگاری، مہنگائی، تعلیم، نقل مکانی، پچھڑے پن کو دور ہونے جیسی زندگی میں تبدیلی کا صحیح فائدہ ملتا ہوا نظر نہیں آرہا ہے۔ ایسے میں آئین کے مفاد عامہ و عوامی بہبود والی ریاست کا قیام کیسے ممکن ہے۔ بی ایس پی صدر نے کہا کہ بی ایس پی کے مساوی، سروجن ہتائے و سروجن سکھائے کی پالیسی و وصول سے ہی عوام و ملکی مفاد ممکن ہے۔

## وقف احتجاج: مرشدآباد کے بعد اب بھانگڑ میں شدید جھڑپیں



بھانگڑ: (ایجنسی) وقف ایکٹ کے خلاف مظاہروں کے بیچ تشدد کی وجہ سے ابھی مرشدآباد میں حالات پوری طرح معمول پر نہیں آئے تھے کہ اب جنوبی 24 پرگنہ کے بھانگڑ میں ماحول گرم ہوگیا ہے۔ آج بروز پیر وقف ایکٹ کے خلاف احتجاج کے لیے کولکاتا جا رہے انڈین سیکولر فرنٹ (آئی ایس ایف) کے کارکنان اور پولیس کے بیچ بھانگڑ میں شدید جھڑپ ہوگئی۔ دراصل آئی ایس ایف سربراہ نوشاد صدیقی نے آج کولکاتا میں وقف ترمیمی ایکٹ کے خلاف احتجاج کی کال دی تھی۔ اسی احتجاج میں شرکت کے لیے جنوبی 24 پرگنہ سے بھی بڑی تعداد میں مظاہرین کولکاتا جا رہے تھے، لیکن بھانگڑ میں بسنتی ہائی وے پر پولیس نے مظاہرین کو آگے بڑھنے سے روک دیا۔ پولیس نے ہائی وے پر رکاوٹیں کھڑی کردیں۔ وہیں مظاہرین نے پولیس کی رکاوٹوں کو ہٹانے کی کوشش کی جس سے پولیس اور احتجاجیوں کے بیچ شدید جھڑپ شروع ہوگئی۔ اس دوران پولیس نے مظاہرین پر لاٹھی چارج کیا۔ بھانگڑ میں پولیس اور مظاہرین کے بیچ شدید جھڑپ کے بعد علاقے میں تشدد پھوٹ پڑا۔ اس دوران تقریباً متعدد گاڑیاں نذر آتش کردی گئیں جن میں پانچ سے زیادہ بائیک اور دو چار پہیہ گاڑیاں شامل ہیں، اس کے علاوہ سات سے آٹھ لوگوں کے زخمی ہونے کی خبر ہے۔ فی الحال علاقے میں ریپڈ ایکشن فورس تعینات کردی گئی ہے اور حالات قابو میں ہیں۔ وہیں آئی ایس ایف کی کال پر کولکاتا کے گاندھی میدان میں وقف ترمیمی ایکٹ کے خلاف بڑی ریلی جس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ اسی ریلی میں شرکت کے لیے جنوبی 24 پرگنہ سے بھی لوگ جا رہے تھے لیکن راستے میں پولیس نے بھانگڑ کے قریب بسنتی ہائی وے پر مظاہرین کے جلوس کو روک دیا۔

## بی جے پی-آر ایس ایس کے لوگ بابا صاحب کے کل بھی دشمن تھے اور آج بھی ہیں: کھڑگے



نئی دہلی (ایجنسی) کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے پیر (14 اپریل) کو الزام عائد کیا کہ مودی حکومت بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر کا صرف نام لیتی ہے، جب کہ بی جے پی اور راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے لوگ ہی امبیڈکر کے دشمن ہیں۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعہ کانگریس پر امبیڈکر کی توہین کرنے کے الزام کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بابا صاحب کو انتخاب میں ہرانے کے لیے بی جے پی کے نظریاتی آباؤ اجداد ذمہ دار تھے۔ کھڑگے نے نامہ نگاروں سے گفتگو کے دوران بی جے پی اور آر ایس ایس کا حوالہ دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ یہ لوگ بابا صاحب کے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخاب میں بابا صاحب کو ہرانے کے لیے ونا یک دامودر ساورکر اور کمیونسٹ لیڈر ایس اے ڈانگے ذمہ دار تھے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ جن لوگوں نے آئین کی کاپی جلائی، ان کے چیلے آج اقتدار میں بیٹھے ہیں۔ بھیم راؤ امبیڈکر کی یوم پیدائش کے موقع پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کھڑگے نے پورے ملک میں ذات پر مبنی مردم شماری کی ضرورت پر زور دیا اور ساتھ ہی نجی تعلیمی اداروں میں درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل اور دیگر پسماندہ طبقات کے لیے ریزرویشن کے نفاذ کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئین امبیڈکر کی طرف سے شہریوں کو ایک تحفہ ہے، کیونکہ یہ ان کو سماجی، معاشی اور سیاسی انصاف کا حق دیتا ہے۔ ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ ”حال ہی میں گجرات کے احمد آباد میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں ہم نے اسے آگے بڑھایا اور سماجی انصاف کے نظریات پر زور دیا ہے۔“

